# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamadpolice.gov.pk | جمعہ 05 اپریل 2024 | Islamabad Police


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 55098 |
| ملازمین کا اندراج | 53228 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20692 |
| گمشدگی / برآمد | 08 |
| جنرل ویریفکیشن | 94437 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 90 |
| گرفتار ملزمان | 56 |
| یکسو چالان | 66 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 6547 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 32 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 3048 |
| سنگین خلاف ورزی | 2420 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 4164 |
| بوگس کال | 3515 |
| ایمرجنسی رسپانس | 345 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 05 منٹ |

## عیدالفطر کے موقع پر زائد کرایہ وصول کرنے والی پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا فیصلہ

**شہریوں سے مقررہ کرایہ سے زائد وصول کرنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے سپیشل سکواڈز شہر کے تمام بس اسٹینڈز، ویگن اڈوں پر تعینات کر دیئے گئے ہیں، شہری 24 گھنٹے اپنی شکایات اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر درج کرواسکتے ہیں**



چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد ٹریفک پولیس نے عیدالفطر کے موقع پر شہریوں سے زائد کرایہ وصول کرنے والی پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کیا ہے اس سلسلے میں اسلام آباد ٹریفک پولیس کے سپیشل سکواڈ وفاقی دارالحکومت کے تمام بس اسٹینڈز اور ویگن اڈوں پر تعینات کر دیئے گئے ہیں، جو زائد کرایہ وصول کرنے والی پبلک ٹرانسپورٹ گاڑیوں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لا رہے ہیں اس کے علاوہ مختلف شاہراہوں پر خصوصی ناکہ جات بھی لگائے گئے ہیں جو زائد کرایہ وصول کرنے کے ساتھ اوورلوڈنگ اور شہریوں سے بدتمیزی کرنے والے ڈرائیورز اور کنڈیکٹرز کے خلاف سخت قانونی کارروائیاں عمل میں لا رہے ہیں، سی ٹی او اسلام آباد کی جانب سے تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ عیدالفطر کے موقع پر اپنے آبائی گاؤں جانے والے شہریوں کی وجہ سے بس اسٹینڈز اور ویگن اڈوں پر کافی رش ہوتا ہے جس کا ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے ڈرائیورز اور کنڈیکٹرز شہریوں سے زائد کرایہ وصول کرتے ہیں ایسے بس ڈرائیورز اور کنڈیکٹرز کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف سخت سے سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، انھوں نے مزید کہا کہ شہری اپنی شکایات اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر بھی درج کرواسکتے ہیں، وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سفری سہولیات فراہم کرنا اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

## اسلام آباد میں گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے

**تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کی حدود میں 682 گھروں کے 309 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا، مہم میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، تاکہ شہر میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے**



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کے علاقے میں 682 گھروں کے 309 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شرپسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری۔

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 03 ہزار 180 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جبکہ 19 مشکوک اشخاص اور 68 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 03 ہزار 180 شکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 812 مشکوک افراد اور 2,368 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 19 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 68 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 17 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا



ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 17 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ رمنا پولیس نے دوملزمان حمزہ یوسف اور عماد الرحمن کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول اور 220 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ سنگجانی پولیس نے غیر قانونی طور پر ڈیزل فروخت کرنے پر ملزم ارشاد محمد کو گرفتار کرلیا، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر اور پٹرول فروخت کرنے پر دوملزمان شکیل مسیح اور بلال رفیق کو گرفتار کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے تین ملزمان عدنان مسیح، وجاہت طارق اور یٰسین خان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب اور دو عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کرلیے، جبکہ غیر قانونی طور پر گیس سلنڈر بھرنے پر دوملزمان عثمان اور سمیع اللہ کو گرفتار کرلیا، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے غیر قانونی طور پر ڈیزل فروخت کرنے پر دوملزمان واجد حسین اور محمد نوید کو گرفتار کرلیا، تھانہ پھلگر اں پولیس نے ملزم ثاقب کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، تھانہ بھارہ کہو پولیس نے دوملزمان ابوذر خان اور عبداللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دو عدد تیس بور پستول برآمد کرلیے، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے دوملزمان شہزاد اور خالد خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول اور ایک عدد خنجر برآمد کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹھرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15 " یا " آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

## قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 24 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خان نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-"15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع دیں۔

## انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں ڈکیتی اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے چھینی گئی نقدی آٹھ لاکھ روپے برآمد کرلی گئی، گرفتار ملزم کی شناخت زیران کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔




## اسلام آباد پولیس ہائی سکیورٹی زون میں موثر سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے



اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے چاک و چوبند دستے ہائی سکیورٹی زون میں واقع عدالتوں میں اہم مقدمات کی سماعت کے موقع پر موثر سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے اپنے فرائض منصبی سر انجام دے رہے ہیں، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو ہدایات دی کہ ہائی سکیورٹی زون میں اہم سرکاری دفاتر، اعلیٰ عدالتیں اور سفارت خانے واقع ہیں جن کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے، تمام افسران و جوان امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سر انجام دیں، دوران ڈیوٹی کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی نہ برتی جائے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے۔

## تھانہ سبزی منڈی پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم "کالا" گروہ کے دو ارکان کو سرغنہ سمیت گرفتار کرلیا

**گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چھینے گئے قیمتی موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، ملزمان کیخلاف مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**




ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ سبزی منڈی پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم" کالا" گروہ کے دو ارکان کو سرغنہ سمیت گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے اسلحہ کی نوک پر چھینے گئے قیمتی موبائل فون، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت مدثر اور اسد کے ناموں سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور شہری کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن" پکار- " 15 یا" آئی سی ٹی ایپ"-15 پر فوری اطلاع کریں۔

Tarjuman
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
# The Capital Police Islamabad
Islamabad Police | FRIDAY APRIL 05, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



| PUCAR -15 | | TRAFFIC | | CRIME | | TECHNOLOGY | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Emergency Call | 4164 | Traffic Fine Ticket | 3048 | Total Crime Registered | 90 | Tenant Registration | 55098 |
| Hoax Call | 3515 | Major Violation | 2420 | Accused Arrested | 56 | Employee Registration | 53228 |
| Emergency Response | 345 | Fatal Accident | ---- | Challan Submitted in Court | 66 | Vehicle Verification | 20692 |
| Minimum Response Time | 02 Min | Driving License | ---- | Stop & Search | 6547 | Lost & Found Reports | 08 |
| Maximum Response Time | 05 Min | Learner Permit | ---- | P.O / C.O Arrested | 32 | General Verification | 94437 |

## Overcharging on Eid will not be tolerated: Islamabad Traffic Police

Islamabad Traffic Police have decided to accelerate action against those public service and passenger vehicles involved in overloading and overcharging from passengers on Eid-ul-Fitr. Following the directions of Chief Traffic Officer (CTO) Islamabad Muhammad Sarfraz Virk, special squads of Islamabad Traffic Police have been constituted who would be deputed at bus and wagon stands. These squads will take action against those involved in overloading and overcharging fare or misbehaving with passengers. Special points have also been erected at various roads of the city to check and take action against passenger vehicles involved in overloading and overcharging. All Zonal DSPs have also been directed to keep observing the situation and ensure action against drivers and conductors of such vehicles. Heavy fines would be imposed on the vehicles guilty of overloading. Moreover, in case of overcharging, the extra fare collected would also be returned to the passengers. Chief Traffic Officer Muhammad Sarfraz Virk said that all possible steps were being taken to ensure uninterrupted flow of traffic in Islamabad and the passengers could call the helpline “Pucar 15” or via “ICT-15” mobile application in case of any complaint. He said that the convenience of citizens is our top priority and it would be ensured at all costs.



## Campaign for registration of house servants and tenants data in full swing

According to details, the Islamabad Capital Police “Knock the Door” campaign for the registration of employees and tenants is in full swing, a public relations officer said. He said that, during this campaign various teams of Islamabad Capital Police are going to the streets and door-to-door to ensure the registration of tenants and domestic workers as well as to inquire about the problems faced by the citizens. In this regard, the Counter Terrorism Department (CTD) Islamabad has registered a data of 309 house servants of 682 houses from Khanna and Bani gala Police Station jurisdiction. The purpose of this campaign is to avoid any untoward incident by maintaining law and order in the federal capital adding that the registration of tenants and domestic workers could not only keep a close watch on miscreants but also prevent the elements involved in any kind of suspicious activity. He said citizens are also requested that they can ask for the identity of a person if someone dressed in civil clothes comes to their house in order to collect the data. Unregistered employees and tenants could be involved in serious incidents like theft and robbery by impersonating as a common citizen and Islamabad Capital Police is trying to provide a safe environment to the citizens of the federal capital by using all its resources.



## Islamabad Capital Police Dolphin playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 3,180 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 812 pedestrians, 2,368 motorcycles during the special and snap checking, out of which 19 suspicious individuals and 68 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. “Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens”.

# 17 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 17 outlaws from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. The Ramna police team arrested two accused namely Hamza Yousaf and Umad ur Rehman and recovered one 30 bore pistol and 220 gram heroin from their possession. The Sangjani police team arrested an accused namely Irshad Muhammad involved in selling diesel illegally. Likewise, the Industrial Area police team arrested two accused namely Shakeel Masih and Bilal Rafique involved in selling petrol and gas filling. The Khanna police team arrested three accused namely Adnan Masih, Wajahat Tariq, and Yaseen and recovered 30 liters liquor and two pistols from their possession, while police team also arrested two accused namely Usman and Sami Ullah involved in illegally gas filling. Similarly, the Lohi Bher police team arrested two accused namely Wajid Hussain and Muhammad Naveed involved in illegally selling diesel. The Phulgran police team arrested an accused namely Saqib and recovered one dagger from his possession. Moreover, the Bhara Kahu police team arrested an accused namely Abu Zar Khan and Abdullah and recovered two 30 bore pistols from their possession. The Shahzad Town police team arrested two accused namely Shahzad and Khalid Khan and recovered one 30 bore pistol and one dagger from their possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Senior police officers directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.




# 24 absconders involved in heinous crime held

Islamabad Capital Police have arrested 24 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. He said that, special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Capital police teams have arrested 24 absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. Islamabad Capital Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police, he added.

# Two members of snatcher gang held; valuables and weapons recovered




Islamabad Capital Police Sabzi Mandi police team arrested two wanted members of a snatcher gang Known as Kala Gang involved in numerous snatching activities and recovered snatched mobile phones, motorbike and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of CPO/DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Sabzi Mandi police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a snatcher gang involved in numerous snatching activities. The accused were identified as Mudassir and Asad. Police team also recovered snatched mobile phones, motorbike and weapons from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.

# Member of snatcher gang held; stolen cash worth Rs 08 lac recovered




Islamabad Capital Police Anti Robbery and Dacoity Unit (ARDU) police team arrested a wanted member of a snatcher gang involved in numerous snatching activities and recovered snatched cash worth Rs 08 lac from his possession, a public relations officer said. He said that, following the special directions of CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Anti Robbery and Dacoity Unit (ARDU) police team used technical and human resources and succeeded in apprehending a wanted member of a snatcher gang involved in numerous snatched activities. The accused was identified as Zaran. Police team also recovered snatched cash worth Rs 08 lac from his possession. Case was registered against the nabbed accused and further investigation is underway. CPO/ DIG Operations Syed Shehzad Nadeem Bukhari directed all senior officials for effective crackdown against the accused involved in criminal activities and ensured the safety of lives and property of citizens on priority basis.

# Islamabad Capital Police ensures fool-proof security measures in courts



The Islamabad Capital Police is constantly engaged to ensure effective security arrangements at the superior Courts located in the High Security Zone on the occasion of the hearing of high profile cases. According to the details, the Islamabad Capital Police is always engaged in ensuring the peace and order situation in the federal capital, police public relations officer said. He said that, the police are performing their duties to ensure effective security arrangements at the superior Courts located in the High Security Zone for the hearing of high profile cases. The senior police officers instructed the officers and officials on duty that important government offices, superior courts located in the high security zone, whose security has to be ensured. Do your duty diligently, do not be negligent during duty, no laxity will be tolerated in this regard. Islamabad Capital Police is taking all possible measures to protect the life and property of the citizens, no one is allowed to disturb the peace of the people. Citizens are also requested to cooperate with the police and report any suspicious object or activity to their respective police station or call-15.

# Pucar-15 helpline received 3,515 irrelevant calls during the last 24 hours



Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 4,164 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 4,164 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,515 calls were hoax and irrelevant to police which make up 84% of all calls. Senior police officers took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. They urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police

**Islamabad Police**
@ICT_Police

ڈی پی آو انڈسٹریل ایریا خان زیب اور ایس ایچ او انڈسٹریل ایریا نے 9th ایونیو ناکہ ڈیوٹی پر موجود پولیس اہلکاروں کے ساتھ روزہ افطار کیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔

اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔

#ICTP #IslamabadPolice #OPS

Translate post



**Islamabad Police**
@ICT_Police

ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری جرائم کے خلاف ان ایکشن۔
کسی بھی واردات کی کال پر ایس ایچ او بروقت ریسپانس کرے گا۔
ایس ایچ او خود متاثرہ شخص سے مل کر اپنی تصویر ڈی آئی جی آپریشنز کو بھجوائے گا۔
تمام ایس پیز، ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز خود اپنے اپنے علاقوں میں رہیں۔
سٹریٹ کرائم کی روک تھام کے لئے موثر حکمت عملی اپنائیں۔
اس سلسلہ میں تمام افسران سیف سٹی کیمروں کی بھی مدد حاصل کریں۔
ڈی آئی جی آپریشنز خود مختلف علاقوں میں دورہ کریں گے۔
اگر کسی علاقہ میں افسران و اہلکار سست پائے گئے تو ان کے خلاف کارروائی ہوگی۔ سید شہزاد ندیم بخاری

#ICTP

**Islamabad Police**
@ICT_Police

تھانہ آبپارہ کے علاقہ میں افغان شہری کے ساتھ واردات۔

وقوعہ کے متعلق تھانہ آبپارہ میں مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

ملزمان کو ٹریس کرنے کے لئے سیف سٹی کیمروں اور دیگر ذرائع سے مدد لی جارہی ہے۔

جلد ملزمان کو ٹریس کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔

#IslamabadPolice

Translate post

11:06 am · 04 Apr 24 · 1,765 Views

3 Reposts 17 Likes